Rampur State Gazette.

گزٹ ریاست رامپور

جلد ۴۲	بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم	نمبر ۱۶

مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۲۸ ذیقعدہ ۱۳۴۸ھ مطابق ۲۸ اپریل ۱۹۳۰ء

فہرست مضامین

احکام اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

اضافہ

۱۰ اپریل ۱۹۳۰ء

مثل رپورٹ صاحب ریونیو سکریٹری بہادر مرقومہ ۹ اپریل ۱۹۳۰ء دربارۂ اضافہ تنخواہ محمد سعید خان رسالدار صدر مشاہرہ دار [illegible] بموجب اسکیم منظور شدہ بوجہ خوش اسلوبی کام از ۹ اپریل ۱۹۳۰ء۔

حکم

حسب صراحت رپورٹ بموجب اسکیم منظور شدہ محمد سعید خان رسالدار صدر کی موجودہ تنخواہ میں ۹ اپریل ۱۹۳۰ء سے [illegible] ماہوار اضافہ منظور ہے۔ کاغذات بغرض اجرائے احکام صاحب ریونیو سکریٹری بہادر کے پاس مرسل ہوں۔

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

از اجلاس صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

احکام ضابطہ جاری ہوں مثل متعلقہ محافظ خانہ صدر کو حسب ضابطہ واپس کر دیجائے۔ ۱۴ اپریل ۱۹۳۰ء

دستخط صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

رخصت

۱۳ اپریل ۱۹۳۰ء

مثل یادداشت صاحب سکریٹری بہادر تعمیرات دربارہ منظوری رخصت

مزید تین ماہ عبد الجبار خان کلرک تعمیرات برائے حصول تعلیم زرعی کالج
بانتظام موجودہ یعنی ما ہوار بخشی کو اور بانجرو ما ہوار الاؤنس
بلدیو پرشاد کلرک کو دینگے جو بخشی کے کام کا ذمہ دار ہے حسب سفارش
جونیر ایگزیکیٹو انجینیر صاحب تعمیرات

حکم

بموجب رپورٹ رخصت مزید تین ماہ، عابق دیجا نامنظور ہے۔ کاغذات بغرض اجرا
احکام واپس ہوں

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

از اجلاس صاحب سکریٹری بہادر تعمیرات

برائے اجرائے احکام سررشتہ صدر کو مرسل ہو۔ ۱۹ر اپریل سنہ ۱۹۳۰ء

دستخط صاحب سکریٹری بہادر تعمیرات

رخصت

۱۵ر اپریل سنہ ۱۹۳۰ء

مبنیٔ یادداشت صاحب فائننشل سکریٹری بہادر دربارہ منظوری رخصت
پندرہ یوم بابو لتا پرشاد نائب بخشی بوجہ علالت از ۸ر اپریل سنہ ۱۹۳۰ء
حسب سفارش بخشی تورہ۔

حکم

بموجب رپورٹ پندرہ روز کی رخصت منظور ہے۔ کاغذات بغرض اجرا احکام واپس ہوں۔
حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

از اجلاس صاحب فائننشل سکریٹری بہادر

بغرض اجرائے احکام صدر کو مرسل ہو۔ ۱۹ر اپریل سنہ ۱۹۳۰ء

دستخط صاحب فائننشل سکریٹری بہادر

منظوری تقرر جدید

۱۵ر اپریل سنہ ۱۹۳۰ء

بموجب رپورٹ مدرسہ فارسی بازار نصر اللہ خان میں ایک جدید مدرس انگریزی کی
بمشاہرہ پندرہ روپیہ ماہوار اور ایک جدید مدرس فارسی کی بمشاہرہ بارہ روپیہ ماہوار
تقرر کی منظوری دیجاتی ہے۔ کاغذات برائے اجرائے احکام واپس ہوں۔
حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

اعلیحضرت بندگان حضور پر نور دام اقبالہم و ملکہم

بغرض عرض میر ساماں

جناب عالی

مدرسہ فارسی بازار نصر اللہ خان کے طلبا کی خواہش ہے کہ اس مدرسہ کو پرائمری مدرسہ
کر دیا جائے۔ اور گشتی ٹیچر مقرر کر دیا جائے۔ اس مدرسہ کی حالت کل شہر کے چھوٹے
چھوٹے مدارس سے بہتر ہے۔ تعداد طلبا بھی بہت زائد ہے۔ شہر میں سات مدارس فارسی
اور چار مدارس پرائمری ہیں۔ بہ نسبت زر تنخواہ یہ استدعا نامناسب نہیں ہے۔ اس مدرسہ
میں بوجہ زیادتی طلبا ایک جدید مدرس فارسی کی بھی ضرورت ہے۔ لہذا گزارش ہے کہ پندرہ روپیہ
ماہوار کے ایک مدرس انگریزی کے تقرر کی اور بارہ روپیہ ماہوار تنخواہ پر ایک مدرس فارسی کے
تقرر کی منظوری عطا فرمائی جائے۔ دولت اقبال جاوید باد۔ مکرر گزارش ہے کہ بجٹ میں
اس تقرر کی گنجائش ہے۔

عرضی دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر
معروضہ ۱۰ر اپریل سنہ ۱۹۳۰ء

از اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

حسب ہدایت حکم اجلاس ہمایوں احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ۱۰ر اپریل سنہ ۱۹۳۰ء
دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

روبکار اجلاس صاحب سینیر ریونیو سکریٹری بہادر
واقع ۱۶ر اپریل سنہ ۱۹۳۰ء

۱۔ دفتر اصلاب قیوزیں صدر کے پاس آمدنی متفرق اور خرچ متفرق تحصیلات کے لئے ایک ایک
رجسٹر نمونہ ۳۰ کے موافق رہیگا۔ لیکن صدر میں جو آمدنی متفرق مثل قیمت قواعد وغیرہ
ہوگی یا جو خرچ متفرق مثل طباعت فارم رجسٹران و تنخواہ ملازمان خزانہ سررشتہ
دفتر اصلاب قیوزیں صدر ہوگا اس کے حسابات کے لئے بھی ایک رجسٹر دفتر اصلاب قیوزیں صدر
کے پاس رہنا ضروری ہے۔ سررشتہ دفتر اصلاب قیوزیں صدر کے لئے نمونہ ۳۰ کے
موافق (۵۰) ورق کا رجسٹر ان حسابات کے لئے جلد تیار کرا لیا جائے۔
(۲) فروخت کتب وغیرہ سے جو رقم دفتر اصلاب قیوزیں صدر کو وصول ہو وہ رجسٹر مذکور میں درج
کر کے خزانہ صدر میں بھیجدی جایا کرے اور رسید خزانہ سے حاصل کر لیا کرے۔ لہذا

حکم ہے کہ

روبکار ہذا کی ایک نقل دفتر اصلاب قیوزیں صدر کے پاس اور ایک نقل بتوسط اجلاس جناب
فائننشل سکریٹری بہادر بخدمت دیوان صاحب بھیجی جائے اور ایک نقل درج گزٹ کیجائے۔
دستخط صاحب سینیر ریونیو سکریٹری بہادر

روبکار اجلاس صاحب سینیر ریونیو سکریٹری بہادر
واقع ۱۶ر اپریل سنہ ۱۹۳۰ء

مطبع سے جو فارم رجسٹروں وغیرہ کے طبع کرائے گئے ہیں ان میں فارموں کی جلد بندی ہو کر
تحصیلات کو بھیجے جائینگے اور بعض فارم ایسے ہیں جو قیمت فروخت ہونگے نیز قواعد
دفاتر کاشتکاران کے اکثر نسخہ طبع کرائے گئے ہیں ان میں سے جو نسخہ تحصیلات و صدر کے

دفاتر اہلکاران کو تقسیم ہو کر باقی رہین گے وہ فروخت ہونگے کل فارم مطبوعہ دو اصلباقیہ نویس صدر مطبع سے وصول کرلین جن فارمون کے رجسٹر تیار ہونگے۔ انکی جلد بندی کرا کر تحصیلات کو بھیجدیجائین اور جو سررشتہ و اصلباقیہ نویس صدر مین رہنے کے ہین انکی بھی جلد بندی کرا لیجائے اور جو فارم فروخت ہونے کے ہین انکے لئے ایک رجسٹر سررشتہ و اصلباقیہ نویس صدر مین تیار کر لیا جائے جسمین کل ایسے فارم اور نسخہ ہائے قواعد کی تعداد آمدنی مین درج کیا جائے۔ علاوہ ازین جو فارم وغیرہ تحصیلات کو بھیجے جائین یا سررشتہ و اصلباقیہ نویس صدر سے فروخت کئے جائین انکا خرچ درج کیا جائے۔ نیز جو فارم قابل فروخت ہین انکے حساب کے لئے تحصیلات مین بھی رجسٹر تیار کردیے جائین تاکہ ایسے فارمون کی آمدنی و خرچ کا حساب مرتب رہے۔ رجسٹر مذکور کا نمونہ منسلک روبکار ہے۔ اس نمونہ کا رجسٹر سررشتہ و اصلباقیہ نویس صدر مین اور اسی نمونہ کے تحصیلات مین رجسٹر تیار ہونگے۔ رجسٹر مذکور مین ہر فارم قابل فروخت علیحدہ ورق پر درج کیا جائے تاکہ ہر فارم کی آمدنی و خرچ و باقی علیحدہ علیحدہ معلوم ہوتی رہے۔ جو فارم طبع کرائے گئے ہین انکی فہرست بھی منسلک روبکار ہے۔ اس فہرست مذکور مین اسکی تفصیل بھی ہے کہ ہر ہر نمونہ کا رجسٹر کسقدر ورق کا تیار ہوگا۔ اور تحصیلات کو فارم کس کس تعداد مین بھیجے جائینگے۔

حکم ہوا کہ

روبکار ہذا کی ایک ایک نقل تحصیلدار صاحبان کے پاس اور ایک نقل و اصلباقیہ نویس صدر کے پاس بھیجی جائے۔ اور ایک نقل برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو۔

دستخط صاحب منیجر ریونیو سکریٹری بہادر

نمونہ رجسٹر حساب فارم ہائے قابل فروخت

نام فارم	تاریخ	تعداد	تاریخ	تعداد	افزون	کیفیت
آمدنی			خرچ			
۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷

(۱) رجسٹر نمبر ۱ … ۴۰۰ ورق		خزانہ صدر کو بعد جلد بندی کے جلد کی ہوئی فروخت سے ہوگی۔ بعد جانچ مفصل آمدنی و اصلباقیہ نویس صدر کے پاس رہیگی۔
(۲) رجسٹر نمبر ۲ … ۱۲۰۰ ورق		ایکہزار ورق کا ایک رجسٹر جلد بند ہوکر ہر تحصیل کو بھیجا جائیگا اور ایک ہزار ورق کی دو جلدین و اصلباقیہ نویس صدر کے پاس رہینگی۔
(۳) رجسٹر نمبر ۳ … ۱۰۵۰۰ ورق		۱۵۰ ورق کا رجسٹر و اصلباقیہ نویس صدر کے پاس رہیگا متفرق حسابات صدر کے لئے ۱۵۰ ورق مطبع سے و اصلباقیہ نویس صدر کو دیے جائینگے ہر تحصیل کے ۱۵۰ ورق کا رجسٹر جلد بند ہوکر بھیجا جائیگا۔ اور چھ رجسٹر ہر تحصیل کے حسابات کے لئے و اصلباقیہ نویس صدر کے پاس رہین گے
(۴) رجسٹر نمبر ۶ … ۹۰۰ ورق		ہر تحصیل کے لئے ۱۵۰ ورق کا رجسٹر جلد بند ہوکر بھیجا جائیگا۔
(۵) رجسٹر نمبر ۸ … ۴۰۰ ورق		و اصلباقیہ نویس صدر کے پاس رہیگا۔
(۶) فارم فہرست نمبر ۵	۶۰۰	ہر تحصیل کو ایک ایک سو فارم بھیجے جائین گے۔
(۷) چک	۳۰۰۰	ایک ایک سو چک کے ۳۰ جلدین مطبع سے بند ہوا دیگئی ہین ہر تحصیل کو پانچ پانچ جلدین بھیجی جائین گی۔
(۸) فارم فہرست متعلقی بندوبست نمونہ نمبر ۱۹	۱۲۰۰۰	یہ فارم بقیمت تین پائی فی فارم تحصیلات سے فروخت ہونگے اور انکا حساب و اصلباقیہ نویس صدر کے پاس اور تحصیلات مین رہیگا۔
(۹) فارم رقعہ	۳۰۰۰۰	تحصیلات مین فی فارم تین پائی کو فروخت ہونگے اور انکا حساب و اصلباقیہ نویس صدر کے پاس اور تحصیلات مین رہیگا
(۱۰) جنتری ہند		و اصلباقیہ نویس صدر کے پاس سے اور تحصیل سے فروخت ہوگی اور فی جنتری بقیمت تین پائی فروخت ہوگی تحصیل مین اور و اصلباقیہ نویس صدر کے پاس حساب رہیگا۔
(۱۱) قواعد قنطہ رفاہ کاشتکاران	۱۰۰۰ جلد	۶۰۰ جلد تحصیلات کو بھیجدی گئی ہین انکا حساب و اصلباقیہ نویس صدر کے پاس اور تحصیلات مین رہیگا۔ اور فی نسخہ دو آنہ کو فروخت ہوگی۔

روبکار اجلاس صاحب منیجر ریونیو سکریٹری بہادر

واقع ۱۹ اپریل سنہ ۱۹۳۳ء

(۱) روبکار مورخہ ۲۰ مارچ سنہ ۱۹۳۳ء دفعہ ۲ مین حکم ہے کہ جن دیہات کا اسکیم جدید کے موافق انتظام ہوا ہے انکے کاشتکاران کو پانچ سال تک سند خیلکاری دیدی جانے ... رفتہ رفتہ کیا جائے۔ دیہات مذکورہ مین ... اصلاح ...

[illegible] اسکیم جدید ... بندوبست ... پانچ سال ... آبادی ... ۔

جو طلبہ کسی جھلے سے ان مواضعات میں آباد ہیں وہ اسوقت سند پانے کے مستحق ہیں۔ لہذا انکو سند دیجائے اور انسے رقم نذرانہ حسب شرح مقررہ لیجائے۔

(۲) علاوہ ازیں جو کاشتکار بعد بندوبست تحت اسکیم جدید آباد ہوے ہوں یا آیندہ ہوں انکو اگر ایسے مالگذاران اسوقت سند دلانا چاہیں تو انکی نسبت درخواست تحصیل میں پیش کریں تو انکو بھی سند دینے میں کوئی حرج نہیں معلوم ہوتا لیکن شرط یہ ہے کہ جس گاؤن کی بابت مالگذار نو آباد کاشتکاران کو سند دلانا چاہیں تو اس گاؤن کے کل نو آباد کاشتکاران کو سند دلانیکی اگر درخواست ہوگی تو منظور کیجائیگی۔ اور اگر نو آباد کاشتکاران میں سے بعض کو سند دینے کی درخواست ہوگی اور بعض کو چھوڑ دیا ہوگا تو ایسی درخواست منظور نہوگی لہذا حسب صراحت دفعہ ہذا ایسے کاشتکاران کو بھی سند دیجائے اور رقم نذرانہ حسب شرح مقررہ لیجائے۔

۳۔ اسیطرح آیندہ بھی جو کاشتکار جدید ان مواضعات میں آباد ہونگے انکو سند دینے کی نسبت حسب دفعہ (۲) روبکار ہذا عمل ہوگا۔

۴۔ روبکار ہذا کے احکام دفعہ (۱) روبکار مورخہ ۵ مارچ ۱۹۳۳ء کی ترمیم متصور ہونگے۔ تحصیلدار صاحبان ایسے کاشتکاران سے جو بندوبست تحت اسکیم جدید کے وقت مواضعات مذکورہ میں آباد تھے انکو سند دیکر اور رقم نذرانہ وصول کرنے کی کارروائی کریں اور ایسے کاشتکاران کی رقم نذرانہ کی بابت نقشہ کھتونی مرتب کرالیں اور اسکی نقل داخلہ فنانس صدر کے پاس بھیجدیں۔

حکم ہے کہ

اس روبکار کی ایک نقل تحصیلدار صاحبان کے پاس بھیجدیجائے اور ایک نقل داخلہ فنانس صدر کے پاس بھیجی جائے۔ اور ایک نقل گزٹ میں شائع کیجائے۔

دستخط صاحب [illegible] ریونیو سکرٹری بہادر

احکام اجلاس صاحب جوڈیشل سکرٹری بہادر

مستقلی

۱۴ اپریل ۱۹۳۳ء

مدرسان مندرجہ تحت اپنی اپنی ملازمت پر یکم مئی ۱۹۳۳ء سے مستقل کئے گئے۔ لہذا حکم ہوا کہ برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو۔

عبدالرحیم خان مدرس اول مدرسہ کیمر طوخان۔ محمد ضیا خان انگلش ٹیچر مدرسہ نالہ پار
ایوب بیگ مدرس اول مدرسہ کیمری۔ محمد ولی خان مدرس اول مدرسہ ملک
فیض الحسن مدرس مدرسہ لانبہ کھیڑ تحصیل ٹانڈہ۔ راجہ رام انگلش ٹیچر مدرسہ بلاسپور
احسان خان نائب مدرس مدرسہ بھوٹ دھنیلی تحصیل سوار۔ گلزار احمد مدرس دوم مدرسہ کیمر طوخان۔

شیر زمان انگلش ٹیچر مدرسہ تحصیل سوار۔ محمد محمود خان مدرس مدرسہ بازار نصر اللہ خان۔
احمد شاہ خان مدرس اول مدرسہ پل نجنہ۔ علی حسین مدرس مدرسہ کمرول پرگنہ حضور تحصیل
اشتیاق حسین مدرس مدرسہ چنوری تحصیل شاہ آباد۔ اشرف علی خان مدرس مدرسہ جیروہ پرگنہ حضور تحصیل
چھیدا لال انگلش ٹیچر مدرسہ تحصیل ملک۔ موہن لال پنڈت ٹیچر مدرسہ مڈل۔
پیارے خان مدرس مدرسہ مڈل۔ رشید احمد مدرس مدرسہ کنہ یا پرگنہ حضور تحصیل۔

دستخط صاحب جوڈیشل سکرٹری بہادر

توسیع

۱۴ اپریل ۱۹۳۳ء

حسب رپورٹ انسپکٹر صاحب مدارس مدرسان مندرجہ تحت کی مدت ملازمت غیر مستقل میں یکم مئی ۱۹۳۳ء سے چھ چھ ماہ کی توسیع منظور کی گئی۔ لہذا حکم ہوا برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو۔

نذیر احمد مدرس مدرسہ کہاٹ تحصیل ملک۔ شیر دل خان مدرس مدرسہ فریا تحصیل ملک۔
انوار حسین مدرس مدرسہ گوڑی تحصیل بلاسپور۔ محبت شاہ مدرس مدرسہ ابنگا تحصیل سوار۔
مسعود الدین مدرس مدرسہ ساجوار تحصیل ٹانڈہ۔ حسن الدین نائب مدرس مدرسہ ملک۔
عبدالحفیظ خان نائب مدرس مدرسہ بھوٹ دھنیلی تحصیل سوار۔ عبدالمجید مدرس مدرسہ سونا تحصیل بلاسپور
محمد حسین مدرس مدرسہ بجٹ پور تحصیل بلاسپور۔ سید احمد مدرس مدرسہ انگاراں تحصیل سوار۔
عبدالعزیز خان مدرس مدرسہ میر اپور تحصیل سوار۔ مولا بخش مدرس مدرسہ سہورا تحصیل ٹانڈہ۔
لیاقت علی مدرس مدرسہ خضر پور پرگنہ حضور تحصیل۔ محمود شاہ خان مدرس مدرسہ منگرپور پرگنہ حضور تحصیل
کاشی پرشاد نائب مدرس مدرسہ ٹانڈہ۔ بشیر خان مدرس مدرسہ اللہ پور تحصیل ٹانڈہ۔
لال پرشاد مدرس مدرسہ سینہ کھیڑ تحصیل ٹانڈہ۔ احمد اللہ خان مدرس مدرسہ کرا تحصیل شاہ آباد
نصیر الدین مدرس مدرسہ ریوڑی تحصیل شاہ آباد۔ رام سروپ مدرس مدرسہ گھونیا تحصیل ملک۔
محمد حسین مدرس مدرسہ محمد نگر عرف منڈیا ڈاری پرگنہ حضور تحصیل۔ ممتاز حسین مدرس مدرسہ بیبہ تحصیل ملک
سید حسن مدرس مدرسہ کرم پور تحصیل سوار۔ محمد احمد خان مدرس اول مدرسہ تحصیل بلاسپور
حکمت اللہ خان نائب مدرس مدرسہ کیمری تحصیل بلاسپور۔ ماسٹر گیان چند بہار یلال انگلش ٹیچر مڈل اسکول۔

دستخط صاحب جوڈیشل سکرٹری بہادر

حکم اجلاس صاحب سکرٹری بہادر تعمیرات وصنعت وحرفت

رخصت

۱۵ اپریل ۱۹۳۳ء

مثبہ تحریر صاحب سپرنٹنڈنٹ انجینیر صاحب تعمیرات درباره منظوری رخصت ۱۵ یوم مزید منشی ناظم علی ہیڈ کلرک دفتر تعمیرات خاص باغ بسلسلہ سابقہ از ۱۳ اپریل ۱۹۳۳ء بوضع تنخواہ۔

حکم

حسب رپورٹ ناظم علی ہیڈ کلرک دفتر تعمیرات خاص باغ کی رخصت مزید ۱۵ یوم بوضع تنخواہ منظور کیجاتی ہے۔ حکام ضابطہ سررشتہ صدر سے جاری ہوں۔

دستخط صاحب سکرٹری بہادر تعمیرات

سرکاری پریس ریاست رامپور مین چھپکر شائع ہوا